**SBB / ADL**

**19-10-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں، سیکھنے کے ''کرم یوگی قومی ہفتے'' کا آغاز کریں گے۔

2 اتراکھنڈ یکساں سِول کوڈ کمیٹی نے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی کو، ضابطوں کا قطعی مسودہ پیش کردیا ہے۔

3 انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے بہار میں، سینئر IAS افسر سنجیو ہنس اور RJD کے سابق MLA گلاب یادو کو، کالے دھن کو جائز بنانے کے کیس میں گرفتار کرلیا ہے۔

4 روس کے صدر ولادیمیر پتن نے کہا ہے کہ برکس گروپ کا، اِس کے سائز اور تیزی سے ترقی کرنے کی وجہ سے، آئندہ برسوں میں عالمی اقتصادی ترقی میں سب سے زیادہ حصہ ہوگا۔

5 اور خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ میں، UAE کے شہر شارجہ میں نیو زیلینڈ، ویسٹ انڈیز کو دوسرے سیمی فائنل میں 8 رن سے ہرا کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM Karamyogi**

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں کرم یوگی تدریس کے قومی ہفتے کا آغاز کریں گے۔ اِس ہفتے کے دوران، ہر کرم یوگی اپنی صلاحیت کی مناسبت سے، کم سے کم چار گھنٹے کوئی کام سیکھنے کا عزم کرے گا۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ یہ قومی ہفتہ، افراد، وزارتوں، محکموں اور تنظیموں کی مختلف قسم کی سرگرمیوں کے ذریعے انجام دے کر سیکھنے کے لیے وقف ہوگا۔

**Uttarakhand UCC**

اتراکھنڈ میں شترو گھن سنگھ کی صدر نشینی کے تحت تشکیل دی گئی یونیفارم سول کوڈ UCC کے ضابطوں اور نفاذ سے متعلق کمیٹی نے کل سکریٹیریٹ نے، اِس کے ڈرافٹ مسودے کو وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی کو سونپ دیا ہے۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ کابینہ کی منظوری ملنے کے فوراً بعد یہ قانون ریاست میں نافذ کیا جائے گا۔ جناب دھامی نے اس بات پر زور دیا کہ یہ قانون سب کے ساتھ برابری برتنے کے لیے ہے، کسی کو بھی گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

***V/C Sakshi***

*اتراکھنڈ حکومت جلد ہی UCC قانون نافذ کرنے کیلئے تیزی سے کام کر رہی ہے۔ UCC کے ضابطوں اور نفاذ سے متعلق کمیٹی نے کل ریاست کی راجدھانی میں وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی کو ڈرافٹ مسودہ سونپ دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کابینہ کی منظوری کے بعد UCC کے نفاذ کیلئے تاریخ کا اعلان جلد ہی کیا جائے گا۔ انہوں نے UCC ضابطوں کے بارے میں تفصیلات بتائیں، جو چار حصوں میں ہیں۔ اِس میں شادی اور طلاق کے رجسٹریشن، بغیر شادی کے تعلقات قائم کرنا، پیدائش اور موت کا رجسٹریشن اور جانشینوں سے متعلق ضابطوں کا ذکر ہے۔ انہوں نے عوام کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنے کی غرض سے ایک موبائل ایپ تشکیل دیئے جانے پر زور دیا تاکہ UCC سے متعلق معاملات پر رہنمائی حاصل کی جاسکے۔*

*یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ جسٹس رنجنا پرساد دیسائی کی سربراہی میں ریاستی حکومت نے UCC کمیٹی قائم کی تھی۔*

*دہرہ دون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ..................*

**ED Bihar**

انفورسمینٹ ڈائرکٹوریٹ نے بہار میں، کالے دن کو جائز بنانے کے ایک معاملے میں سینئر IAS افسر سنجیو ہنس اور سابق راشٹریہ جنتا دل MLA گلاب یادو کو گرفتار کیا ہے۔ IAS افسر کو پٹنہ میں ان کی سرکاری رہائش گاہ سے جبکہ گلاب یادو کو کل شام دلی میں ایک تفریح گاہ سے حراست میں لیا گیا ہے۔

اِس سے قبل مرکزی ایجنسی کے اہلکاروں نے توانائی کے محکمے کے سابق پرنسپل سکریٹری سنجیو ہنس کے پٹنہ اور دلی میں مختلف ٹھکانوں پر چھاپے کی کارروائی انجام دی تھی۔

ایجنسی نے آمدنی سے زیادہ اثاثے رکھنے کے معاملے اسپیشل وِجیلنس یونٹ SVU کے ذریعے رجسٹر کیے گئے ایک معاملے کی بنیاد پر اُن کے خلاف منی لانڈرنگ کا ایک معاملہ درج کیا تھا۔x

**VP Sikar**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج راجستھان میں Sikar کا ایک دن کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران نائب صدر جمہوریہ Sikar میں اداروں کے Sobhasaria گروپ کی سلور جوبلی سالانہ تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے قیادت کریں گے۔x

**Agri Min Rabi Conference**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان آج نئی دلی میں، ربیع کی مہم کے لئے زراعت سے متعلق، ایک روزہ قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر مملکت رام ناتھ ٹھاکر بھی تقریب میں موجود ہوں گے۔

کانفرنس کا مقصد زرعی طور طریقوں میں اشتراک اور اختراع کو فروغ دینا ہے جس سے سبھی فریقوں کے لئے ربیع کی فصل سے متعلق اس مہم کو کامیابی حاصل ہوگی۔

کانفرنس میں مختلف وزارتوں، ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام علاقوں اور تنظیموں کے افسران ، ربیع کی آئندہ فصل کیلئے بنیادی اقدامات اور حکمت عملی پر بات چیت کے لئے یکجا ہوں گے۔x

**MP National Seminar**

سڑک اور پلوں کی تعمیر میں ابھرتے ہوئے رجحانات اور ٹیکنولوجیوں کے موضوع پر ایک دو روزہ قومی سیمنار مدھیہ پردیش کی راجدھانی بھوپال میں منعقد کیا جا رہا ہے، جو آج سے شروع ہوگا۔

اِس سیمنار میں ماہرین، جدید ٹیکنالوجی، سامان، سڑک اور پُلوں کے ٹھیکوں کے نفاذ سے متعلق پہلوؤں پر تجربات کا اظہار کریں گے۔

اِس سیمنار کا مقصد ریاست میں سڑک اور پُلوں کی تعمیر کی کوالٹی میں اضافہ کرنا ہے اور جدید ٹیکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے بروقت اور پائیدار بنیادی ڈھانچے کو یقینی بنانا ہے۔

اِس سیمنار کا افتتاح سڑک اور ٹرانسپورٹ کے مرکزی وزیر نتن گڈکری اور مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو کریں گے۔

کانگریس کا انعقاد، روڈ کانگریس اور مدھیہ پردیش کا تعمیراتِ عامہ کا محکمہ مشترکہ طور پر کرا رہے ہیں۔

سیمنار میں پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کے تحت نئی ٹیکنالوجی پر عمل درآمد پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

**Coal Ministry**

کوئلے کی وزارت کو، کوئلہ کان کی کمرشل بولی کے دسویں مرحلے کے تحت زبردست پیشکش موصول ہوئی ہے۔ اِس مرحلے میں مجموعی طور پر 44 بولیاں داخل کی گئی ہیں۔

وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ خاطر خواہ تعداد میں پیش کی گئی اِن بولیوں سے، بھارت کے، ترقی کرتے ہوئے کوئلہ شعبے میں، فریقوں کی طرف سے دلچسپی اور شرکت کا سلسلہ جاری رہنے کا اظہار ہوتا ہے۔

نیلامی کا یہ دسواں مرحلہ، وزارت نے اِس سال 21 جون کو شروع کیا تھا، جس کے تحت تجارتی طور پر کی جانے والی کانکنی کے لئے، 67 کوئلہ کانوں کی پیشکش کی گئی تھی۔x

**MAHA c Vigil App**

مہاراشٹر کے اعلیٰ انتخابی افسر نے سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارموں کو نوٹس بھیجے ہیں جن میں اُن سے کہا گیا ہے کہ وہ ایک ہزار 752 پوسٹیں ہٹالیں۔ یہ پوسٹیں فرضی خبروں پر مبنی ہیں جن کی وجہ سے ووٹروں میں کسی طرح کا تذبذب پیدا ہوسکتا ہے۔

ایک سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ اِن میں سے 300 سے زیادہ پوسٹیں انتخابی کمیشن کی طرف سے نشاندہی کے بعد ہٹا دی گئی ہیں۔

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات ایک ہی مرحلے کے تحت 20 نومبر کو کرائے جائیں گے۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**EVE President Malawai Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو افریقی ملک میں تین روزہ قیام کے آج آخری دن ملاوی میں ثقافتی اہمیت کے حامل مقامات کا دورہ کریں گی۔ صدر جمہوریہ نے کل اپنے ہم منصب Lazarus Chakwera کے ساتھ باہمی میٹنگ کی۔ بھارت اور ملاوی نے وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد مختلف سیکٹروں میں تعاون کے چار مفاہمت ناموں پر دستخط کیے۔

پیش ہے ایک رپورٹ.................

**V/C Mayusha**

بھارت اور ملاوی نے کھیلوں، نوجوانوں کے امور، ادویہ سازی اور آرٹ اور ثقافت کے شعبوں میں تعاون سے متعلق چار اہم مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔ خیر سگالی کے جذبے کے طور پر بھارت ملاوی کو، ایک ہزار میٹرک ٹن چاول اور کینسر کے علاج کی Bhabhtron مشینیں فراہم کر رہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، ملاوی میں مستقل مصنوعی اعضا بدلے جانے کا ایک مرکز کھولنے کا بھی اعلان کیا۔ امور خارجہ کی وزارت کے سکریٹری ارُن کمار چٹرجی نے ملاوی کے صدر جمہوریہ کے بارے میں میڈیا کو بتایا کہ اُن کے اِس دورے سے بھارت-ملاوی تعلقات کی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوا ہے۔

دونوں ملکوں نے باہمی اور وفد کی سطح کی بات چیت میں اپنی پیشرفت اور خوشحالی کے پختہ عزم کی توثیق کی ہے۔

Lilongwe سے Mayusha کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں------

صدر جمہوریہ الجیریا اور موریطانیہ کا اپنا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد تین افریقی ملکوں کے ہفتے بھر طویل پروگرام کے آخری مرحلے میں جمعرات کو ملاوی پہنچی ہیں۔

جہاں انھوں نے باہمی تعلقات کو وسعت دینے کے لیے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بات چیت کی۔

صدر جمہوریہ کے تین افریقی ملکوں کے اِس دورے سے ان ملکوں کے ساتھ بھارت کے تاریخی تعلقات میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوا ہے۔x

**Nirmala Mexico**

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت اور میکسیکو کے درمیان تعاون کو کافی زیادہ وسعت مل سکتی ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان کئی شعبوں میں اِس تعاون میں مزید گہرائی پیدا ہوسکتی ہے۔ وزیر خزانہ نے یہ بات میکسیکو شہر میں تجارت و سرمایہ کاری سے متعلق اشتراک کے بارے میں، بھارت - میکسیکو تجارت وسرمایہ کاری سربراہ کانفرنس میں شرکت کرتے ہوئے کہی۔

میکسیکو کے اقتصادی ترقی کی وزیر محترمہ مَولا زَبولزا اَلداما نے بھی کانفرنس میں شرکت کی۔x

**Russia Prez Putin Brics**

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے زور دے کر کہا ہے کہ برکس گروپ کا، اس کے سائز کی وجہ سے آئندہ برسوں میں عالمی اقتصادی ترقی میں سب سے زیادہ حصہ ہوگا اور مغرب کے ترقی یافتہ ملکوں کے مقابلے اِس کی ترقی زیادہ تیز رفتار ہوگی۔

کل ماسکو میں، برکس کے تجارتی فورم سے خطاب کرتے ہوئے صدر پتن نے کہا کہ ممالک ایک دوسرے سے منسلک ہونے کی وجہ سے عالمی اقتصادی ترقی کا سبب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں جو کچھ نظر آتا ہے، اس کے مطابق عالمی GDP میں برکس کا حصہ کافی زیادہ رہے گا۔

برکس برازیل، روس، بھارت، چین اور جنوبی افریقہ پر مشتمل ہے اور اب اِس میں مصر، ایتھیوپیا، ایران اور متحدہ عرب امارات بھی شامل ہوگئے ہیں۔ روس کے صدر اگلے ہفتے روس کے شہر کازان میں برکس سربراہ کانفرنس کی میزبانی کریں گے۔

وزیر اعظم نریندر مودی اِس کانفرنس میں شرکت کیلئے منگل کو روس کے دو روزہ دورے پر جائیں گے۔ x

**Bangladesh-UNDP**

اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بنگلہ دیش میں تقریباً 4 کروڑ 17 لاکھ لوگ انتہائی غریبی کی حالت میں رہ رہے ہیں جبکہ ساڑھے 6 فیصد آبادی کو ابتر حالات کا سامنا ہے۔

اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام UNDP اور آکسفورڈ یونیورسٹی کے، غریبی اور انسانی ترقی کے اقدام کی طرف سے مشترکہ طور پر حال ہی میں شائع کی گئی ایک رپورٹ میں، بنگلہ دیش کے، غربت کے بحران کی تصویر کشی کی گئی ہے۔ رپورٹ کا عنوان ہے: عالمی کثیر رخی غربت انڈیکس 2024 ؛ تنازعے کے دوران غربت۔

رپورٹ میں غریبی کی زندگی والے معیارات کو، بنگلہ دیش کی غربت کی شرح میں سب سے بڑا عنصر مانا گیا ہے جو غربت کے انڈیکس کا 45 اعشاریہ ایک فیصد حصہ ہے۔

تعلیم اور صحت کے عوامل کا حصہ بھی 37 اعشاریہ 6 فیصد اور 17 اعشاریہ تین فیصد ہے۔

عالمی سطح کی اِس رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 110 کروڑ لوگ انتہائی غربت کی زندگی بسر کررہے ہیں جبکہ تقریباً آدھے لوگ تنازعے سے متاثرہ خطوں میں رہ رہے ہیں۔x

**Israel Lebanon**

اسرائیل کی فوج، لبنان میں پیش قدمی کرتی جارہی ہے۔ اُس نے جنگ کے لئے ایک اور بریگیڈ کو شامل کیا ہے۔ اسرائیل کی دفاعی فوجوں IDF نے فہرست میں شامل 23 گاؤوں اور قصبوں کے مکینوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اَلاولیٰ دریا کے شمال میں چلے جائیں۔ IDF نے خبردار کیا ہے کہ جو کوئی بھی، مسلح گروپ حزب اللہ کے کارندوں، ٹھکانوں یا ہتھیاروں کے ذخیرے

کے قریب ہے وہ اپنی زندگی کو خطرے میں ڈال رہا ہے۔

## Putin Indian Cinema

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے بھارتی فلموں کی تعریف کی ہے کہ اور کہا ہے کہ یہ فلمیں روس کے عوام میں بہت مقبول ہیں۔ اگلے ہفتے برکس کانفرنس سے پہلے، ماسکو میں غیر ملکی صحافیوں سے بات کرتے ہوئے روس کے صدر نے اشارہ دیا کہ روس نے بھارتی فلموں کے ڈسٹریبیوشن کو، مزید فروغ دینے کے لئے بھارت کے ساتھ جلد ہی بات چیت کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کے ملک میں ایک خصوصی ٹی وی چینل ہے جس پر 24 گھنٹے بھارتی فلمیں دکھائی جارہی ہیں۔

جناب پتن نے دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط ثقافتی رشتوں پر زور دیا۔

سنیما کے علاوہ جناب پتن نے دوا سازی سمیت دیگر شعبوں میں بھی تعاون کا اشارہ دیا۔x

## Women's Cricket

خواتین کے ٹی ٹوئینٹی کرکٹ عالمی کپ میں نیو زیلینڈ کی ٹیم کل رات UAE شارجہ میں کھیلے گئے دوسرے سیمی فائنل میں ویسٹ انڈیز کو 8 رن سے شکست دے کر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے نیو زیلینڈ نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ پر 128 رن بنائے۔ نیو زیلینڈ کی Georgia Plimmer نے سب سے زیادہ 33 رن بنائے۔ ویسٹ انڈیز کی Deandra Dottin نے چار وکٹ لیے۔

جواب میں، ویسٹ انڈیز کی ٹیم 8 وکٹ کے نقصان پر 120 رن ہی بنا سکی۔ Deandra نے 33 رن بنائے، نیو زیلینڈ کی Eden Carson نے تین وکٹ لیے۔

کل فائنل میں نیو زیلینڈ کا سامنا جنوبی افریقہ سے ہوگا۔x

## Crkcket IND N2

کرکٹ میں آج بھارت، نیو زیلینڈ کے خلاف بینگلورو میں پہلے ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن اپنے پچھلے اسکور تین وکٹ کے نقصان پر 231 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ تیسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک سرفراز خان بغیر آؤٹ ہوئے 70 رن پر کھیل رہے تھے۔ وراٹ کوہلی نے 70 رن بنائے لیکن وہ تیسرے دن کی آخری گیند پر Glenn Phillips کے ہاتھوں آؤٹ ہوگئے۔ میزبان بھارت ابھی 125رن پیچھے ہے۔ نیو زیلینڈ کی طرف سے اعجاز پٹیل نے دو جبکہ Glenn Phillips نے ایک وکٹ حاصل کیا۔

دن کے آغاز میں مہمان ٹیم نے اپنی پہلی انگز میں 402 رن بنائے تھے۔ بھارت اس وقت ٹیسٹ چیمپین شپ کی فہرست میں

سب سے اوپر ہے جبکہ نیو زیلینڈ چھٹے مقام پر ہے۔x

## Hockey

ہاکی میں آج بھارت کی مردوں کی جونیئر ٹیم ملیشیا میں سلطان آف جوہر کپ کے بارہویں ایڈیشن میں جاپان کے خلاف اپنا پہلا میچ کھیلے گی۔ بھارتی وقت کے مطابق یہ میچ ایک بج کر 35 منٹ پر شروع ہوگا۔ پی آر سری جیش اس ٹیم کے کوچ اور ڈفینڈر عامر علی کپتان جبکہ روہت سابق کپتان ہوں گے۔

بھارت اس مہینے کی 20 تاریخ کو برطانیہ سے ، ملیشیا سے 22 کو اور 23 تاریخ کو آسٹریلیا سے میچ کھیلے گا۔ بھارت گروپ اسٹیج کا آخری میچ 25 تاریخ کو نیوزی لینڈ کے ساتھ کھیلے گا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

## GONG

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحید حقانی

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

ہندوستان ایکسپریس اور روزنامہ پرتاپ سمیت آج کے کئی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعہ آج کرم یوگی ہفتے کا افتتاح کیے جانے کی خبر کو سرخی بنایا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ مشن کرم یوگی، ستمبر 2020 میں شروع کیا گیا تھا۔ اِس اقدام سے سیکھنے اور ترقی کے لیے نئے عزم کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کے علاوہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے اس بیان کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ اشتراک کے ساتھ دفاعی شعبے میں پرائیویٹ سیکٹر کی قیادت نہایت اہم ہے۔

روزنامہ ملاپ نے خزانے اور کارپوریٹ امور کی وزیرمحترمہ نرملا سیتا رمن کے بھارت اور میکسیکو کے درمیان تکنیکی تعاون کو مضبوط بنانے پر اتفاق کئے جانے کے اُن کے بیان کو سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ اور پرتاپ نے دلی میں بڑھتی ہوئی فضائی آلودگی اور ہوا کے معیار کا اشاریہ AQI تین سو سے اوپر چلے جانے کی خبر کو سرخی بنایا ہے۔

اس کے علاوہ روزنامہ انقلاب اور پرتاپ سمیت کئی اخباروں نے دلی کے سابق وزیرصحت ستیندر جین کو دو سال بعد ضمانت ملنے کی خبر کو بھی نمایاں کیا ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

**1** وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں، سیکھنے کے ''کرم یوگی قومی ہفتے'' کا آغاز کریں گے۔

**2** اتراکھنڈ یکساں سِول کوڈ کمیٹی نے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی کو، ضابطوں کا قطعی مسودہ پیش کردیا ہے۔

**3** انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے بہار میں، سینئر **IAS** افسر سنجیو ہنس اور **RJD** کے سابق **MLA** گلاب یادو کو، کالے دھن کو جائز بنانے کے کیس میں گرفتار کرلیا ہے۔

**4** روس کے صدر ولادیمیر پتن نے کہا ہے کہ برکس گروپ کا، اِس کے سائز اور تیزی سے ترقی کرنے کی وجہ سے، آئندہ برسوں میں عالمی اقتصادی ترقی میں سب سے زیادہ حصہ ہوگا۔

**5** اور خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ میں، **UAE** کے شہر شارجہ میں نیو زیلینڈ، ویسٹ انڈیز کو دوسرے سیمی فائنل میں **8** رن سے ہرا کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

---------------------------------------